نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے گندم کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار بارے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور:**12 نومبر 2024**(   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کاشتکار گندم کی کاشت ربیع ڈرل کے ذریعے کریں۔دھان کے وڈھ میں گندم کی بوائی سپر سیڈر سے کریں۔کپاس کے وڈھ میں روٹاویٹر چلا کر زمین بھربھری کرلیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ گندم کے اُگاؤ کیلئے زمین اچھی وتر حالت میں ہو۔گندم کی کاشت کیلئے 20 نومبر تک شرح بیج 40 تا 45 کلوگرام فی ایکڑ رکھیں جبکہ 21 نومبر سے 10 دسمبر تک گندم کی کاشت کیلئے شرح بیج 50 کلوگرام فی ایکڑ رکھیں ۔ بیج کے اُگاؤ کی شرح 85 فیصد سے زائد ہونی چاہیے۔آبپاش علاقوں کے کاشتکار **20** نومبر تک گندم کی محکمہ زراعت پنجاب کی منظورشدہ اقسام سبحانی 21 ،صادق 21 ،این اے آر سی سپر، بورلاگ 16 ، جوہر 16 ،ایم اے 21 اور فخر بھکر کاشت کریں۔اس کے علاوہ **21 تا 30** نومبر کاشت کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کی منظورشدہ اقسام نشان 21 ،نواب 21 ،رہبر 21 اور غازی 19 کاشت کریں جبکہ **10** دسمبر تک کاشت کی صورت میں کاشتکار گندم کی منظورشدہ اقسام اکبر 19 ،بھکر سٹار 19 ،اجالا 16 اور اناج 17 کی کاشت کریں۔

☆☆☆☆